تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 10, 2025

پریس ریلیز

امریکہ کے اقلیتی اداروں کے وفد کا، علمی اشتراک کے جائزے کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ کا دورہ

امریکہ کے کمیونی ٹی کالجوں اور اقلیتوں کے مفادات کے لیے سرگرم اداروں کے چودہ فیکلٹی اراکین پر مشتمل وفد نے جامعہ کے ساتھ علمی اور تحقیقی اشتراک کے مواقع کے جائزے کے لیے پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اور جامعہ کے فیکلٹی اراکین سے ملاقات کی۔ مندوبین کا تعلق انسانی طرز عمل یا کردار کا نفسیاتی مطالعہ، اخلاقیات، نسلی مطالعات، شہری مطالعات و منصوبہ بندی، فزیکل سائنس، قانون، نیچرل اینڈ فزیکل سائنس، جغرافیہ، تاریخ اور فلسفے جیسے متنوع علوم سے تھا۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مندوبین کا خیر مقدم کیا اور علم کے مختلف اہم شعبوں میں علمی و تحقیقی اشتراک کے مواقع کے جائزے کی غرض سے جامعہ کے فیکلٹی اراکین سے بات چیت کے لیے انھیں مدعو کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر مظہر آصف نے معاصر دنیا میں انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے صلاحیتوں کو ایک ساتھ لانے کے سلسلے میں علمی و تحقیقی اشتراک کی اہمیت و معنویت کو نشان زد کیا جیسا کہ قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس میں مذکور ہے۔ مختلف جغرافیائی اور تہذیبی وثقافتی اکائیوں سے نمو پانے والی تہذیبی وثقافتی اقدار کے امتزاج اور دنیا کو تہذیبی لحاظ سے ثروت بنانے کے لیے انھوں نے عالمی زبانیں سیکھنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

امریکی وفد کا یہ دورہ امیریکن انسٹی ٹیوٹ آف انڈین اسٹڈیز (اے آئی آئی ایس) کے زیر اہتمام ہوا۔ واضح ہو کہ مشترکہ علمی سرگرمیوں کے انعقاد کے علاوہ ہندوستانی مطالعات کے فروغ اور امریکی اسکالروں کے لیے علمی و تحقیقی الحاق کو منظوری دینے کے سلسلے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ساتھ مذکورہ ادارے کی دیرینہ ساجھیداری رہی ہے۔ ڈاکٹر پورنیما مہتا، ڈائریکٹر جنرل، اے آئی آئی ایس، نئی دہلی اور پروفیسر امر ساہنی، میامی دادے کالج فلوریڈا کی مشترکہ قیادت اور سربراہی میں یہ وفد جامعہ کا دورہ کر رہا ہے۔

مندوبین نے باہمی دلچسپی کے شعبہ جات اور مراکز کے فیکلٹی اراکین سے ملاقات کے لیے متعلقہ شعبہ جات اور مراکز کا دورہ کیا۔ شیخ الجامعہ کے ساتھ وفد کی ظہرانے پر ملاقات ہوئی جس میں جامعہ کے فیکلٹی اراکین اور یونیورسٹی کے سینئر عہدیداران بھی شریک

ہوئے۔

پروفیسر مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس اہم دورے کے لیے وفد کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ جامعہ کے فیکلٹی اراکین سے ان کی یہ ملاقات، تدریس و آموزش کے طریق عمل کو بہتر کرنے کے سلسلے میں اشتراک کرنے والے اداروں کے لیے ٹھوس علمی فوائد پر منتج ہوگی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی